
# رائے عامہ سروے | تعلیم اور اسکول کا نظام

## 93% پاکستانی والدین کا کہنا ہے کہ اُن کے بچوں نے کبھی اسکول میں ناانصافی یا برے سلوک کی شکایت نہیں کی۔ شکایت کرنے والوں میں اساتذہ کا رویہ (38%) اور دوسرے بچوں کی بدتمیزی (31%) کی شکایات سرفہرست رہیں ۔

برائے مہربانی بتائیں کہ کیا آپ کے بچے نے کبھی اسکول میں ناانصافی یا برے سلوک کی شکایت کی؟




Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)


GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## تعلیم اور اسکول کا نظام

پاکستان میں اسکولوں کی صورتحال کا جائزہ لینے کے حوالے سے جاری ہونے والی پریس ریلیز 11

”اسکول میں ناانصافی اور برے سلوک کی شکایات“

**93% پاکستانی والدین کا کہنا ہے کہ اُن کے بچوں نے کبھی اسکول میں ناانصافی یا برے سلوک کی شکایت نہیں کی۔ شکایت کرنے والوں میں، اساتذہ کا رویہ (38%) اور دوسرے بچوں کی بد تمیزی (31%) کی شکایات سر فہرست رہیں۔**

شہری علاقوں میں بچوں کی جانب سے اساتذہ کے رویے کی شکایات (48%)، جبکہ دیہی علاقوں میں دوسرے بچوں کے برے رویے کی شکایات (42%) سب سے زیادہ سامنے آئی۔

**(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)**

(اسلام آباد، 31 اگست 2026


گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، اسکول جانے والے بچوں کے 93% والدین کا کہنا ہے کہ اُن کے بچوں نے کبھی بھی اسکول میں ناانصافی یا برے سلوک کی شکایت نہیں کی، جبکہ 7% والدین کے مطابق اُن کے بچے نے ایسی شکایت کی ہے۔

یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کی جانب سے ”پاکستان میں اسکولوں کی صورتحال کو سمجھنے“ کے موضوع پر جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز کا گیارواں حصہ ہے۔ اس سیریز کی پچھلی پریس ریلیز ”والدین اور اساتذہ کی میٹنگ (PTM) اور اسکول کی سرگرمیوں میں شمولیت“ تک رسائی حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔

اس موضوع پر تفصیلی رپورٹ گیلپ پاکستان کی ویب سائٹ پر موجود ہے، اس تک رسائی حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب پاکستانی والدین، جن کے بچے اس وقت اسکول میں پڑھ رہے ہیں، سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ "**برائے مہربانی بتائیں کہ کیا آپ کے بچے نے کبھی اسکول میں ناانصافی یا برے سلوک کی شکایت کی؟**"۔ اس سوال کے جواب میں، 7% جوابدہندگان کے مطابق ہاں، اُن کے بچے نے کبھی اسکول میں ناانصافی یا برے سلوک کی شکایت کی ہے، جبکہ 93% جوابدہندگان کے مطابق نہیں، اُن کے بچے نے کبھی اسکول میں ناانصافی یا برے سلوک کی شکایت نہیں کی۔ ان نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ اسکول میں ناانصافی یا برے سلوک کی شکایت کرنے والے بچوں کی تعداد نسبتاً کم ہے۔

**"برائے مہربانی بتائیں کہ کیا آپ کے بچے نے کبھی اسکول میں ناانصافی یا برے سلوک کی شکایت کی؟**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 1415 خواتین اور مرد حضرات سے 18 مارچ 2026 تا 31 مارچ 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔


وہ 7% والدین جنہوں نے اپنے بچے کے اسکول میں ناانصافی یا برے سلوک کی شکایت کرنے کے حوالے سے بتایا، اُن سے مزید یہ سوال پوچھا گیا "**اگر ہاں، تو بتائیں کہ مندرجہ ذیل میں سے کس قسم کی شکایت کی؟**"۔اس سوال کے جواب میں، 38% والدین نے 'اساتذہ کے رویے سے متعلق شکایات' کا ذکر کیا، جو سب سے عام شکایت تھی۔ اس کے بعد، 31% والدین نے 'دوسرے بچوں کے برے رویے کی شکایات' کا ذکر کیا۔ مزید 6% والدین نے 'اسکول انتظامیہ سے متعلق شکایات' کا ذکر کیا، جبکہ 11% نے دیگر نوعیت کی شکایات بتائیں اور 14% والدین کے مطابق اُنہیں ان شکایات کے حوالے سے معلوم نہیں۔

**"اگر ہاں، تو بتائیں کہ مندرجہ ذیل میں سے کس قسم کی شکایت کی؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**شہری—دیہی علاقوں کے اعتبار سے نتائج:** وہ والدین جن کے بچوں نے کبھی اسکول میں ناانصافی یا برے سلوک کی شکایت کی، اُن میں 'اساتذہ کے رویے سے متعلق شکایات' شہری علاقوں میں سب سے زیادہ (48%) سامنے آئیں، جبکہ دیہی علاقوں میں اس حوالے سے شرح 31% پائی گئی۔ اس کے برعکس، 'دوسرے بچوں کی بدتمیزی یا برے رویے کے حوالے سے شکایات' دیہی علاقوں میں زیادہ (42%) سامنے آئیں، جبکہ شہری علاقوں میں اس حوالے سے شرح 14% رہی۔ 'اسکول انتظامیہ سے متعلق شکایات' شہری علاقوں کے والدین میں 7% اور دیہی علاقوں کے والدین میں 6% رہیں۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

مجموعی طور پر، نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ اسکول جانے والے زیادہ تر بچوں کے بارے میں والدین نے اسکول میں ناانصافی یا برے سلوک کا سامنا کرنے یا اس کی شکایت کرنے کی اطلاع نہیں دی۔ جن کم تعداد بچوں نے شکایت کی، ان میں زیادہ تر شکایات اساتذہ کے رویے اور دوسرے بچوں کے برے رویے سے متعلق تھیں۔ شہری اور دیہی علاقوں میں شکایات کی نوعیت میں بھی نمایاں فرق سامنے آیا۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, 31 August 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating 46 years
of Gallup Pakistan
(1980-2026)